عباس آفریدی، پاکستان انڈر19 کرکٹ ٹیم کی باؤلنگ لائن اپ کا مؤثر ہتھیار

- اب تک ورلڈکپ میں اپنی کارکردگی سے خوش ہوں، تسلسل برقرار رکھنے کی کوشش کروں گا، عباس آفریدی

پوچیف اسٹروم، 26جنوری2020ء:

آئی سی سی انڈر19 ورلڈکپ کے گروپ مرحلے کے اختتام پر، عباس آفریدی، پاکستان انڈر19 کی جانب سے سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے باؤلر ہیں۔ فاٹا سے تعلق رکھنے والے نوجوان آلراؤنڈر، جنوبی افریقہ میں جاری میگا ایونٹ میں اب تک 8 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

دائیں ہاتھ سے باؤلنگ کرنے والے میڈیم پیسر، عباس آفریدی نے اسکواڈ میں شامل طاہر حسین، محمد وسیم اور عامر خان کے ہمراہ اسکاٹ لینڈ، زمباوے اور بنگلہ دیش کے خلاف شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔

اب تک ایونٹ میں پاکستان انڈر19 کی جانب سے سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے عباس آفریدی کی بیٹنگ کرنے کی قابلیت بھی انہیں دیگر کھلاڑیوں سے منفرد بناتی ہے۔ ایونٹ کے پہلے میچ میں پاکستان نے اسکاٹ لینڈ کو 75 رنز پر ڈھیر کردیا تھا اس میچ میں عباس آفریدی نے 2 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

نوجوان آلراؤنڈر نے زمباوے کے خلاف میچ کے 39ویں اوور میں یکے بعد دیگر 2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھا کر میچ کا پانسہ پلٹ دیا تھا۔ اوور کے آغاز سے قبل حریف ٹیم کو جیت کے لیے 72 گیندوں پر 88 رنز درکار تھے۔ اس

موقع پر زمباوے کی 7 وکٹیں بھی باقی تھیں۔ عباس آفریدی نے میچ میں مجموعی طور پر 3 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

عباس آفریدی نے آخری گروپ میچ میں بھی عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کیا تھا۔ انہوں نے فاسٹ باؤلر عامر خان کے ہمراہ نپی تلی باؤلنگ کرتے ہوئے محض 25 اوورز میں 106 رنز پر حریف ٹیم کے 9 کھلاڑیوں کو پویلین واپس بھجوا دیا تھا تاہم بارش کے باعث میچ مکمل نہیں ہو سکا تھا۔ بارش کی نذر ہونے والے میچ میں عباس آفریدی نے 7 اوورز میں 20 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

عباس آفریدی:

نوجوان آلراؤنڈر عباس آفریدی کا کہنا ہے کہ تاحال وہ آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ 2020 میں اپنی کارکردگی سے خوش ہیں، انہوں نے کہا کہ وہ ایونٹ میں عمدہ کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔

عباس آفریدی نے کہا کہ وہ اب تک ایونٹ میں پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم کی جانب سے سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے باؤلر ہیں تاہم ان کا ہدف ایونٹ کا بہترین آلراونڈر بننا ہے تا کہ وہ اپنی باؤلنگ اور بیٹنگ دونوں سے پاکستان انڈر 19 ٹیم کو فتح دلا سکیں۔

نوجوان آلراؤنڈر نے کہا کہ وہ سیمی نیو بال سے باؤلنگ کرنا پسند کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ باؤلنگ میں ورائیٹی لانے کی کوشش کرتے ہیں۔ عباس آفریدی نے کہا کہ وہ سیم کے ساتھ ساتھ سلو گیند کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں جس کے نتائج گذشتہ تینوں میچوں میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

ایونٹ کے سپر لیگ کوارٹر فائنل مرحلے میں 31 جنوری کو بینونی میں افغانستان سے شیڈول میچ پر تبصرہ کرتے ہوئے نوجوان آلراؤنڈر نے کہا کہ پاکستان انڈر 19 ٹیم اس سے قبل ایشیا کپ میں حریف ٹیم کو 160 رنز پر ڈھیر کر چکی ہے، انہیں امید ہے کہ میگا ایونٹ میں بھی وہ افغانستان انڈر 19 ٹیم کو کم اسکور تک محدود رکھیں گے۔

عباس آفریدی، پاکستان سینئر کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کرنے کے خواہشمند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی انڈر 19 ٹیم کے ہیڈ کوچ اعجاز احمد اور باؤلنگ کوچ راؤ افتخار کی جانب سے کھلاڑیوں کے ساتھ کی گئی محنت کے نتائج سب کے سامنے ہیں۔ نوجوان آلراؤنڈر نے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان آئندہ میچ میں افغانستان کو شکست دے کر سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلے گا۔

قومی انڈر 19 ٹیم اتوار کے روز پوچیف اسٹروم سے جوہانسبرگ روانہ ہوئی۔ قومی انڈر 19 اسکواڈ پیر سے جوہانسبرگ میں ٹریننگ کا باقاعدہ آغاز کرے گا۔

2 مرتبہ کی چیمپئن پاکستان انڈر 19 ٹیم، افغانستان انڈر19 ٹیم کے خلاف میچ 31 جنوری بروز جمعہ کو بینونی میں کھیلے گی۔

اسکواڈ(یکم ستمبر 2000 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جاسکتا تھا):

اوپنرز: عبدالواحد بنگلزئی (کوئٹہ)، حیدر علی (راولپنڈی) اور محمد شہزاد (ملتان)۔

مڈل آرڈرز: محمد حارث (پشاور)، محمد حریرہ (سیالکوٹ) اور محمد عرفان خان (لاہور)۔

وکٹ کیپر: روحیل نذیر (کپتان)۔

آلراؤنڈرز: عباس آفریدی (پشاور)، فہد منیر (لاہور)، قاسم اکرم (لاہور)۔

اسپنرز: عامر علی (لاڑکانہ) اور آرش علی خان (کراچی)۔

فاسٹ باؤلرز: عامر خان (پشاور)، محمد وسیم جونیئر (شمالی وزیرستان) اور طاہر حسین (ملتان)۔

ٹیم منیجمنٹ:

اعجاز احمد (ہیڈ کوچ کم منیجر)، راؤ افتخار انجم (باؤلنگ کوچ)، عبدالمجید (اسسٹنٹ کوچ)، حافظ نعیم الرسول (فزیو تھراپسٹ)، صبور احمد (ٹرینر)، عثمان ہاشمی (اینالسٹ)، عماد حمید (میڈیا منیجر) اور کرنل (ر) عثمان رفعت انوری (سیکورٹی منیجر)۔

شیڈول:

31 جنوری 2020: پاکستان بمقابلہ افغانستان

9 فروری 2020: فائنل

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk